اس خط کو یاد کر لیں۔ امتحان میں جو بھی خط آئے، یہی لکھیں۔ جہاں دو خالی لائنیں ہوں، وہاں موضوع کے مطابق ایک دو جملے اپنی طرف سے شامل کر دیں تاکہ جواب مکمل ہو جائے اور آپ کو اچھے نمبر ملیں۔

کمرۂ امتحان

٦ مارچ، ٢٠٢٦ء

پیارے ابا جان!

السلام علیکم!

مجھے آپ کا خط چند دن پہلے ملا۔ میں خیریت سے ہوں اور امید کرتا ہوں کہ آپ بھی خیریت سے ہوں گے۔ دیر سے جواب دینے پر معذرت چاہتا ہوں، کیونکہ اس سال ہماری آٹھویں جماعت کے بورڈ کے امتحانات ہو رہے ہیں۔ میں پہلی بار بورڈ کے امتحان دے رہا ہوں، اس لیے تھوڑا پریشان بھی ہوں اور اپنی تیاری میں مصروف ہوں۔

---

---

میری طرف سے آپ کے لیے ڈھیر ساری دعائیں ہیں۔ اللہ کرے آپ ہمیشہ خوش اور تندرست رہیں۔ میری جانب سے تمام گھر والوں کو سلام کہیے۔

والسلام

آپ کا پیارا بیٹا

اویس

# خطوط نویسی

1- اپنے دوست کے نام سالگرہ پر مبارک باد کے لیے خط لکھیں۔

لاہور

۴ جنوری ____ ۲۰ء

پیارے دوست!

السلام علیکم!

آج آپ کا خط موصول ہوا۔ یہ پڑھ کر میں خوشی سے پھولے نہیں سما رہا کہ 5 جنوری بروز ہفتہ کو آپ کی دسویں سالگرہ نہایت سادگی مگر پُر وقار طریقے سے منائی جا رہی ہے۔ ان خوشی کے لمحات میں مَیں آپ کو دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں، قبول فرمائیں۔

میری دِلی دُعا ہے کہ خداوند کریم آپ کو عمر خضر عطا فرمائے اور آپ کی زندگی میں خوشی کا یہ دن بار بار آتا رہے۔ چچی جان کو میرا اسلام کہہ دیجیے گا۔

والسلام

آپ کا دوست

اویس سجاد

2- اپنے بڑے بھائی کے نام امتحان میں کامیابی کی مبارک باد دینے کے لیے خط لکھیں۔

ملتان

۱۸ مارچ ____ ۲۰ء

پیارے بھائی جان!

السلام علیکم!

میں نے آج کے اخبار میں آپ کا نتیجہ دیکھا۔ کامیاب اُمیدواروں کی فہرست میں آپ نے مڈل کا امتحان امتیازی نمبروں سے پاس کرلیا ہے۔ مجھے اُمید ہے کہ آپ کو وظیفہ بھی ملے گا۔ آپ کی کامیابی کی خبر مَیں نے امی جان کو سنائی تو وہ بہت خوش ہوئیں۔ مَیں بھی آپ کی طرح محنت کر کے مڈل کے امتحان میں نمایاں پوزیشن حاصل کروں گا۔ دُعا کرتا ہوں کہ خدا آپ کو ایسی کامیابیوں سے نوازے۔

ہماری طرف سے آپ کے اساتذہ کو بہت بہت مبارک ہو۔

والسلام

آپ کا چھوٹا بھائی

عدنان جاوید

3- کتب فروش کے نام کتابیں منگوانے کے لیے خط لکھیں۔

سرگودھا

۲۱ مارچ ____ ۲۰ء

مکرمی جناب اصغر جاوید صاحب (فجر پبلی کیشنز لاہور)

السلام علیکم!

گزشتہ کل اپنے ایک دوست کے پاس آپ کے ادارے کی شائع کردہ کتب دیکھ کر بڑی خوشی ہوئی کہ آپ کا ادارہ طلبہ کے لیے ایسی کتب تیار کرتا ہے جو کہ مناسب قیمت، اغلاط سے پاک اور بورڈ پیٹرن کے عین مطابق ہیں۔

براہِ کرم مندرجہ ذیل کتب بہت جلد بذریعہ وی۔ پی ارسال فرما کر شکریہ کا موقع دیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | فجر نوٹس اسلامیات جماعت ہشتم | 3 عدد |
| ۲۔ | فجر اُردو قواعد و انشا جماعت ہشتم | 5 عدد |
| ۳۔ | فجر گائیڈ جماعت ہشتم | 6 عدد |
| ۴۔ | توبۃ النصوح | 3 عدد |

آپ کا مخلص

سلمان یٰسین

4- اپنی والدہ کے نام مزاج پُرسی کے لیے خط لکھیں۔

اوکاڑہ

۱۸ اپریل ____ ۲۰ء

پیاری امی جان!

السلام علیکم!

آدابِ فرزندانہ کے بعد عرض احوال ہے کہ پرسوں کی ڈاک سے بھائی جان کا خط موصول ہوا جس میں انھوں نے لکھا کہ گزشتہ پانچ دنوں سے آپ شدید بخار میں مبتلا ہیں۔ میں ہر نماز کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور آپ کی صحت یابی کے لیے دُعا کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جلد صحتِ کاملہ عطا فرمائے اور آپ کا سایہ شفقت ہمیشہ ہمارے سر پر سلامت رہے۔

براہ کرم جوابی خط کے ذریعے اپنی صحت کے بارے میں جلد مطلع فرمائیں تاکہ پریشانی دور ہو جائے۔

ابا جان کو سلام اور باجی جان کو سلام و دعا۔

والسلام

آپ کا پیارا بیٹا

عثمان عباس

5- کمپیوٹر کا تحفہ ملنے پر چچا کے نام شکریہ کا خط لکھیں۔

جھنگ

۸ مارچ ____ ۲۰ء

پیارے چچا جان!

السلام علیکم!

سکول کے سالانہ امتحان میں جماعت ہشتم میں اوّل پوزیشن حاصل کرنے پر مبارکباد پر کمپیوٹر کا تحفہ وصول پا کر بہت خوشی ہوئی۔ حقیقت یہ ہے کہ مجھے کمپیوٹر کی اشد ضرورت تھی۔ آپ جانتے ہیں کہ دورِ جدید کمپیوٹر کا دور ہے۔ زندگی کے ہر شعبے میں کمپیوٹر کی بے حد اہمیت ہے۔

چچا جان! میرے پاس الفاظ نہیں ہیں کہ میں اپنے تشکر بھرے جذبات کا اظہار کر سکوں۔ بہر کیف میں آپ کے اس بھیجے ہوئے کمپیوٹر پر دل کی گہرائیوں سے مشکور ہوں۔

چچی جان کی خدمت میں سلام، ابوسفیان اور اویس کو پیار

والسلام

آپ کا بھتیجا

عظیم مبارک

**6- والد کے نام دوست کے ساتھ چھٹیاں گزارنے کے لیے خط لکھیں۔**

فیصل آباد

۵ مئی ۲۰____ء

پیارے ابا جان!

السلام علیکم!

ہمیں ۲۵ مئی کو سکول سے موسم گرما کی چھٹیاں ہو رہی ہیں۔ ان چھٹیوں کے فوراً بعد سکول کے ششماہی امتحانات شروع ہو جائیں گے۔ میں نے اپنے دوست کے ساتھ امتحان کی مکمل تیاری کرنے کا پروگرام بنایا ہے۔ میرا دوست فیصل آباد کے ایک گاؤں کا رہنے والا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ اس مرتبہ چھٹیوں کے دوران اس کے گاؤں چلا جاؤں۔ اُمید کرتا ہوں کہ آپ مجھے بخوشی اجازت دیں گے۔

والدہ صاحبہ کی خدمت میں سلام و دعا۔

والسلام

آپ کا پیارا بیٹا

حذیفہ جہانگیر

**7- دوست کے نام بھائی کی شادی میں شرکت کی دعوت پر خط لکھیں۔**

اوکاڑہ

یکم اپریل ۲۰____ء

پیارے دوست!

السلام علیکم!

میرے بڑے بھائی کی شادی خانہ آبادی اس ماہ کی سترہ تاریخ کو ہونا طے پائی ہے۔ میں آپ کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے اس تقریب میں شرکت کرنے کی دعوت دیتا ہوں اور میری دِلی خواہش ہے کہ آپ اس شادی میں ضرور شرکت کریں۔

شادی بڑی دھوم دھام کے ساتھ منعقد ہوگی۔ آپ کی آمد سے ہماری خوشیاں دوبالا ہو جائیں گی۔ براہ کرم! اپنی آمد کی اطلاع جوابی خط میں ضرور دینا تاکہ ہم بروقت لاری اڈے پر آپ کو لینے کے لیے پہنچ جائیں۔

والسلام

آپ کا دوست

عاصم علی

**8- سہیلی کے نام والدہ کی وفات پر اظہارِ افسوس کے لیے خط لکھیں۔**

شیخوپورہ

۳ مارچ ۲۰____ء

پیاری سہیلی زینب!

السلام علیکم!

آج کی ڈاک سے آپ کا خط موصول ہوا۔ آپ کی والدہ ماجدہ کے سانحہ ارتحال کی اطلاع پا کر جو دِلی صدمہ ہوا وہ بیان سے باہر ہے۔ یہ خبر مجھ پر بجلی بن کر گری اور مرحومہ کا پُرشفیق چہرہ میری نظروں میں گھومنے لگا۔ اُن کی وفات کا جو دُکھ مجھے ہے اُس کا اندازہ لگانا مشکل ہے۔ ان کے زیرِ سایہ آپ کو زندگی میں بہت سے فائدے حاصل ہوئے۔ اُن کی وجہ سے آپ کا مقام اور مرتبہ بڑھا اور آپ کے لیے یہ بہت بڑی خوش قسمتی ہے۔

پیاری زینب! خود بھی صبر کرو اور اپنے چھوٹے بہن بھائیوں کو بھی سہارا دو تاکہ وہ والدہ محترمہ کی جدائی سے دل شکستہ نہ ہو جائیں۔

میری دعا ہے کہ اللّٰہ تعالیٰ مرحومہ کی بخشش و مغفرت فرمائے اور اُن کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ (آمین)

والسلام

شریکِ غم

زیب ارشد

**9- بھائی کے نام فیل ہونے پر آئندہ محنت کی تاکید پر خط لکھیں۔**

کوٹ رادھاکشن، قصور

۷ مارچ ۲۰____ء

پیارے بھائی!

السلام علیکم!

آج کی ڈاک میں تمہارے انچارج اُستاد صاحب کی طرف سے تمہارا سالانہ رزلٹ موصول ہوا۔ جسے پڑھ کر مجھے انتہائی مایوسی ہوئی کہ تم امتحان میں فیل ہو گئے ہو۔ تمہارے انچارج صاحب نے مزید لکھا ہے کہ تم شدید دباؤ میں ہو اور ہر وقت پریشان رہتے ہو۔

پیارے بھائی! ہرنا کامی، کامیابی کا زینہ بنتی ہے۔ نا کامی کی وجہ سے انسان کو مایوس نہیں ہونا چاہیے بلکہ گزشتہ کوتاہیوں کو دور کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ جن مضامین میں تم فیل ہوئے ہو اُن پر زیادہ توجہ دو۔ اگر تمہاری تعلیمی کارکردگی اسی طرح رہی تو تمہارے بوڑھے باپ کے دل پر کیا گزرے گی۔ مجھے اُمید ہے کہ اب تم اپنی پوری توجہ پڑھائی پر دو گے۔ امی جان کو سلام اور باجی کو پیار۔

والسلام

تمہارا بڑا بھائی

محمد عرفان

**10- دوست کے نام گرمیوں کی تعطیلات کے دوران لاہور کی سیر کی دعوت کے لیے خط لکھیں۔**

لاہور

یکم جون ____۲۰ء

پیارے دوست محمد حمید!

السلام علیکم!

میں خیریت سے ہوں، اُمید کرتا ہوں کہ آپ بھی خیریت سے ہوں گے۔

کل آپ کا خیریت نامہ موصول ہوا یہ جان کر بہت خوشی ہوئی کہ اسی ماہ کی پانچ تاریخ کو آپ کو گرمیوں کی چھٹیاں ہو رہی ہیں۔ آپ کو یاد ہو گا کہ آپ نے دو ماہ قبل مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ گرمیوں کی چھٹیوں میں ایک ہفتہ آپ میرے ساتھ لاہور گزاریں گے اور یہ ایام ہم مل جل کر ہنسی خوشی بسر کریں گے۔

لاہور ایک تاریخی شہر ہے۔ اس میں جگہ جگہ تفریحی و تاریخی مقامات ہیں۔ بادشاہی مسجد، شاہی قلعہ، داتا دربار، مینارِ پاکستان، شالا مار باغ اور باغِ جناح کی سیر سے آپ بہت لطف اندوز ہوں گے۔ خط ملتے ہی امی اور ابو سے اجازت لے کر پہلی فرصت میں یہاں پہنچ جائیں۔

والسلام

آپ کا دوست

محمد بلال